مطبوعات

سرورِ کونین | مولانا عبدالقیوم ندوی صاحب ۔ ناشر: ایم ثناء اللہ خاں اینڈ سنز ۲۶۔ ریلوے روڈ لاہور۔ قیمت دو روپے ۱۲ پیسے ۔ صفحات ۱۴۴ ۔

زیر تبصرہ کتاب حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح حیات ہے ۔ اس میں فاضل مصنف نے بڑی سلاست کے ساتھ حضورؐ کی حیاتِ طیّبہ کے مختلف پہلوؤں کو قلمبند کیا ہے مصنف کا قلم بڑا محتاط ہے اور اس نے حدود و ادب کا پورا پورا لحاظ رکھا ہے

یہ کتاب یوں تو ہر طبقہ کے لیے مفید ہے لیکن ہم نوجوانوں کو اس کے مطالعہ کی خاص طور پر سفارش کرتے ہیں۔

صنعت اکبر | مرتبہ حکیم محمد یوسف حسن ۔ قیمت تین روپے ۔ شائع کردہ: اشرف اکیڈیمی پوسٹ بکس نمبر ۱۰۱ ۔ لائل پور ۔

کشتہ سازی، فنِ دوا سازی اور معالجات کا ایک اہم شعبہ ہے مسلمانوں نے اپنے دورِ عروج میں اس شعبہ کو کافی ترقی دی لیکن ان کے اضمحلال کے بعد اس پر زوال آنا شروع ہو گیا اس وقت اس چیز کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ ہم اپنے ملک کے اندر ایک ایسے نظام طب کو رواج دیں جو ہمارے ملک کے مزاج اور طبعی حالات سے مطابقت رکھتا ہو اور اس کے ساتھ ساتھ انگریزی ادویہ کی ناقابلِ برداشت گرانی سے ہمیں نجات دلا سکے ۔

زیرِ تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک مفید کوشش ہے ۔ جو حضرات اس فن سے دلچسپی رکھتے ہیں انہیں تجربہ کے ذریعہ اس کی افادیت کا اندازہ لگانا چاہیے ۔